ٹولی | محتاج | عید الفطر | بھیڑ | صدقۂ فطر

# عید الفطر



پیارے بچّو!

آج عید کا تہوار ہے۔ رمضان کے مہینے بھر کے روزوں کے بعد یہ تہوار آتا ہے۔ رمضان کے مہینے کے آخری دن جب شام کو چاند نظر آتا ہے تو اگلے دن عید منائی جاتی ہے۔ اس عید کو میٹھی عید اور عید الفطر بھی کہا جاتا ہے۔

صُبح ہوتے ہی سبھی چھوٹے بڑے نہا دھو کر نئے اور صاف سُتھرے کپڑے پہنتے ہیں۔ ہر شخص خوش نظر آتا ہے اور عید گاہ جانے کی تیاری کرتا ہے۔ لوگ عید گاہ جانے سے پہلے غریبوں اور محتاجوں میں ''صدقہ فطر'' بانٹتے ہیں تا کہ وہ لوگ بھی عید کی خوشی میں شریک







رہیں۔

وہ دیکھو عادل نے سفید رنگ کا کُرتہ اور پاجامہ پہن رکھا ہے۔ اُس کے سر پر سفید ٹوپی ہے۔ وہ آج بہت خوش نظر آرہا ہے۔ اپنے بھائی عامر اور ابو جی کے ساتھ عید گاہ جانے کی تیاری میں لگا ہوا ہے۔ عادل کی بہن عابدہ بھی خوبصورت کپڑے پہن کر خوشی خوشی اپنی ہم عمر سہیلیوں کے ساتھ کھیل رہی ہے۔

لوگ ٹولیوں میں عید گاہ جا رہے ہیں۔ بڑوں کے ساتھ بچّے بھی ہیں۔ وہ عید گاہ پہنچ گئے۔ انہوں نے نماز پڑھی، ہاتھ اُٹھا کر دُعا مانگی اور اب ایک دوسرے سے گلے مل رہے ہیں۔ ایک دوسرے کو عید کی مُبارک باد دے رہے ہیں۔

دُکانداروں نے اپنی دُکانوں کو خوب سجایا ہے۔ بچّے مٹھائیاں اور کھلونے خرید رہے ہیں۔ بڑے چھوٹوں کو عیدی دے رہے ہیں۔ ہنڈولے بھی لگے ہوئے ہیں۔ بچّے جھولا جھول رہے ہیں۔ سب لوگ خوشی خوشی اپنے گھروں میں مہمانوں کا استقبال کرتے ہیں۔ عید ہمیں بھائی چارے، دوستی اور امن کا درس دیتی ہے۔

## ا۔ آؤ معنی یاد کریں:

| | | |
|---|---|---|
| دھوم دھام | : | شان وشوکت |
| رمضان | : | اسلامی سال کا مہینہ جس میں مسلمان روزے رکھتے ہیں، اسلامی کلینڈر کا نواں مہینہ |

    

عیدالفطر : رمضان کے بعد کی عید، وہی جس میں صدقۂ فطر دیا جاتا ہے

بھیڑ : ہجوم

محتاج : ضرورت مند

صدقۂ فطر : رمضان کا صدقہ ، روزوں کی خیرات

ٹولی : گروہ ، جماعت

ہنڈولا : جھولا

عیدگاہ : وہ جگہ جہاں عید کی نماز پڑھتے ہیں

عیدی : وہ رقم جو عید کے دن چھوٹوں کو دی جاتی ہے۔

پھولے نہ سمانا : بہت خوش ہونا

عید : خوشی

## ۲. مختصر جواب لکھیے

☆ عیدالفطر کب منائی جاتی ہے؟

☆ عید کی نماز کہاں پڑھی جاتی ہے؟

☆ صدقہ فطر کن کو دیا جاتا ہے؟

☆ عیدی کیا ہوتی ہے؟

☆ رمضان کے مہینے پر پانچ جملے لکھیے

    

## ۳. مثال دیکھ کر عید پر مزید الفاظ بنائیے

| مثال : | عید | + | گاہ | = | عیدگاہ |
|---|---|---|---|---|---|
| | عید | | | | |
| | عید | | | | |
| | عید | | | | |
| | عید | | | | |
| | عید | | | | |

## ۴. (ا) کے ہر جُملے کا دوسرا حصّہ (ب) میں تلاش کر کے جُملے مکمل کریں

| (ا) | (ب) |
|---|---|
| عادل کے ابا نے اس کے لیے | عیدگاہ کی طرف چل پڑی ہیں |
| شہر سے لوگوں کی ٹولیاں | نیا کُرتا، پاجامہ اور ٹوپی سلوائی ہے |
| عید کے دن سب لوگ ایک دوسرے کو | بھیڑ لگی ہوئی تھی |
| کھلونوں کی دُکانوں پر | عید کی مبارک باد دیتے ہیں |

## ۵. درست لفظ تلاش کر کے خالی جگہیں پُر کیجیے:

عیدالفطر روزوں کے ........................ آتی ہے (بعد، پہلے)

عید کے دن ہر شخص ................. نظر آتا ہے۔ (خوش، اداس)







نماز کے بعد ہر شخص ہاتھ ................ خُدا سے دُعا مانگتا ہے۔ (گرا کر، اُٹھا کر)

حامد نے عید گاہ کے ...................... جہاز خریدا (اندر، باہر)

## ٦. واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیے :

کپڑا ...... کُرتا ...... روزے ..........

کھلونے ...... مٹھائی ...... بچہ ..........

## ٧. عید کے علاوہ آپ کے یہاں کون کون سے تہوار منائے جاتے ہیں ۔ اپنے استاد کے ساتھ بات کر کے دوسرے مذاہب کے تہواروں کے بارے میں جانکاری حاصل کیجیے

## ٨. استاد بچوں سے مشق کرائے:

بچے گھر میں اپنی اماں سے بات کر کے اُن پکوانوں کے نام لکھیں جو عید کے دن آپ کے گھروں میں پکائے جاتے ہیں